ارشادامام غزالیؒ

جس مسلمان کو اپنے مولا سے اتنی بھی محبت نہیں جس کا یہ اثر ہو
کہ اللہ کے محبوب بندے اس کے محبوب بن جائیں اور خدا کے دشمنوں
کو وہ اپنا دشمن سمجھے تو سمجھنا چاہئے کہ اس شخص کے ایمان میں ضعف
(بوداپن) ہے اور اس کو اپنے خدا ہی کے ساتھ محبت نہیں ہے۔

(تبلیغ دین)

ارشاد حکیم الامت حضرت تھانویؒ

"علمائے دین کا کام یہ ہے کہ مسلمانوں کو من حیث المذہب بگڑنے نہ دیں"

اور

"زعماء (لیڈران) کا کام یہ ہے کہ مسلمانوں کو من حیث القوم مٹنے نہ دیں"

ع ہر کسے را بہر کارے ساختند

(ضمیمہ تنظیم المسلمین)

مسلمانوں کو اعلان کر دینا چاہئے کہ وہ ہندویت میں جذب
ہونے کیلئے ایک لمحہ کے واسطے بھی تیار نہیں (علامہ ابوالکلام آزاد)

ہم ہر چیز کی قربانی کیلئے تیار ہیں

لیکن!

ایمان اور عقیدہ کی قربانی کیلئے تیار نہیں

(مولانا علی میاںؒ)

بلند اب کرو رومیؔ صدائے اللّٰہؑ

بتوں کا شور بپا ہے جہان میں ہر سو
کسی جہت سے اٹھے تو صدائے اللّٰہؑ
وہ سومناتھ ہو یا سارناتھ یا رگھوناتھ
ضرور چمکے گی اک دن ضیائے اللّٰہؑ
وہ میر باقیؔ کی مسجد بنے گی دوبارہ
وہاں سے ہوگی بلند پھر صدائے اللّٰہؑ
نوائے حق سے ہیں خاموش منبر و محراب
بلند اب کرو رومیؔ صدائے اللّٰہؑ

منجانب: مجلس ترجمان حق آگرہ